Annexure-D

اسٹاک بروکر کون ہے؟

1. بازارِحصص (اسٹاک ایکسچینج) ایسی جگہ ہے جہاں سرمایہ کار، اسٹاک بروکر کے ذریعے، پبلک لسٹڈ کمپنیوں کے حصص کی خریدوفروخت کر سکتے ہیں۔
2. صرف اسٹاک بروکر ، اسٹاک ایکسچینج کے ذریعے ، حصص کی خریدوفروخت کے لئے، سرمایہ کاروں کی رہنمائی کرسکتا ہے جس کے عوض وہ فیس یا کمیشن وصول کرتا ہے۔
3. سرمایہ کاری صرف رجسٹرڈ اسٹاک بروکر کے ذریعےسے ہی کی جا سکتی ہے۔
4. اسٹاک بروکر پاکستان اسٹاک ایکسچینج کاٹریک (TREC)ہولڈر ہوتا ہے اور بطور اسٹاک بروکر کام کرنے کے لئے ایس ای سی پی کے پاس رجسٹرڈ اور اس سے لائسنس یافتہ ہوتا ہے۔
5. کسی بھی بروکر آفس یا اُس کی کسی بھی برانچ میں ، سرمایہ کاری کرنے سے قبل، اس بات کی تسلی کر لیں کہ اس کا SECPکا منظور شدہ رجسٹریشن سرٹیفیکیٹ نمایاں جگہ پر آویزاں ہے۔
6. بروکر کے بارے میں تصدیق کے لئے ، رجسٹریشن نمبر 8181پر میسج کریں۔ مزید تفصیلات کے لئے ایس ای سی پی کے جمع پونچی پورٹلjamapunji.pk اور ایس ای سی پی کی ویب سائٹ www.secp.gov.pkوزٹ کریں۔
7. رجسٹرڈ شدہ بروکر کی طرف سے مہیا کی جانے والی سہولتوں کے بارے میں جاننے کے لئے ، بروکر کی ویب سائٹ کا مطالعہ بھی کیا جاسکتاہے۔
8. قواعد و ضوابط کے بارے میں مزید جان کاری کے لئے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی ویب سائٹ www.psx.com.pk اور ایس ای سی پی کی ویب سائٹ وزٹ کریں۔

اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری کا طریقہ کار

رجسٹرڈ اسٹاک بروکر کے پاس اکاؤنٹ کھلوانے کا طریقہ کار

اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری کرتے وقت مندرجہ ذیل نکات کو مدِ نظر رکھیں۔

1. رجسٹرڈ اسٹاک بروکر سے، اکاؤنٹ کھلوانے کا فارم لیں، اسے پُر کر کے ضروری دستاویزات جیسا کہ قومی شناختی کارڈ کی کاپی، کے ساتھ بروکر کے پاس جمع کرائیں۔
2. اکاؤنٹ کھلوانے والے فارم میں وہ ساری تفصیلات ہونی چاہیے جو کہ ایکسچینج کے عمومی ضوابط میں دی گئی ہیں۔ یہ ضوابط پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی ویب سائٹ www.psx.com.pkپر دستیاب ہیں۔
3. اکاؤنٹ کھلوانے کا فارم پُر کرتے وقت، سرمایہ کار، فارم پر دی گئی تمام ہدایات کابغورمطالعہ کرے، کسی بھی قسم کی غلط فہمی کی صورت میں اسٹاک بروکر سے رابطہ کرے۔ تسلی بخش جواب نہ ملنے کی صورت میں سرمایہ کار، اسٹاک ایکسچینج سے اس کے نمبر 22 11 00 111 021 یا ایس ای سی پی کے نمبر 111 051 327 117پر رابطہ کر سکتا ہے۔
4. اکاؤنٹ کھلوانے کا فارم پُر کرتے وقت، سرمایہ کار کو کسی بھی صورت میں ، بروکریج ہاؤس، بروکر یا ایجنٹ کو ،اپنا مختارکل نہیں بنانا چاہئے۔ سرمایہ کار ، صرف اپنا ای میل ایڈریس اور موبائل نمبر (جو اس کے نام پر رجسٹرڈ ہو) بروکر کو مہیا کرے تا کہ ضروری معلومات کی اطلاع اسے ملتی رہے۔
5. اکاؤنٹ کھلوانے کے فارم کی مصدقہ، باقاعدہ دستخط شدہ کاپی، اپنے ریکارڈ کے لئے ضرور حاصل کریں۔
6. بروکریج ہاؤس کے پاس اپنا آرڈر ، تحریری طور پر یا باقاعدہ رجسٹرڈ موبائل نمبر کے ذریعے لکھوائیں اور اس کی تصدیق حاصل کریں۔
7. سرمایہ کار کو اپنا اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹ سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی (CDC) کے پاس کھلوانا چاہیے۔ یاد رکھیں، ذیلی اکاؤنٹ کھلوانے کے فارم میں، کلائنٹ کی سیکیورٹیز کی دیکھ بھال کے لئے، بروکر کو عمومی مختار بنانے کے حوالے سے کوئی اجازت نامہ شامل نہیں ہوتا۔
8. بروکریج ہاؤس یا اس کا کوئی نمائندہ، گاہکوں سے نقد کیش وصول کرنے کا مجاز نہیں۔ ادائیگی ہمیشہ بروکریج ہاؤس کے نام کراس چیک کی صورت میں کی جائے اور اس کی رسید حاصل کی جائے۔

9. بروکریج ہاؤس کسی بھی صورت میں طے شدہ منافع کی گارنٹی نہیں دے سکتا ۔اگر بروکر کسی بھی قسم کے طے شدہ منافع کا وعدہ کے نام پر رقم وصول کرے تو فوری طور پر پاکستان اسٹاک ایکسچینج اور ایس ای سی پی کو اطلاع کریں۔
10. اپنے اکاؤنٹ کی تفصیل اور سٹیٹمنٹ، بروکریج ہاؤس سے باقاعدگی سے حاصل کریں۔ کسی بھی شکایت کی صورت میں فورًا ایکسچینج یا ایس ای سی پی کو اطلاع دیں۔

انتباہ: اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری کو خطرات لاحق ہوتے ہیں، حصص کی قیمت میں اتار چڑھاؤ ہو سکتا ہے، حصص میں سرمایہ کاری سے پہلے یہ بات مدِنظر رکھنی چاہیے۔

سی ڈی سی کے پاس اکاؤنٹ کیسے کھولا جا سکتا ہے؟

1. سرمایہ کار براہِ راست سی ڈی سی کے پاس اپنا اکاؤنٹ کھول سکتاہے۔
2. سرمایہ کار کو اکاؤنٹ کھلوانے کا فارم پُر کرنا ہوتا ہے جو کہ سی ڈی سی کے دفاتر میں قائم کسٹمر سپورٹ کاؤنٹریا سی ڈی سی کی ویب سائٹ (http://cdcpakistan.com/) سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اکاؤنٹ کھلوانے کا فارم، درکار دستاویزات کے ساتھ، مناسب طریقے سے پُر کیا جائے۔
3. اکاؤنٹ کھلنے کے بعد، سرما یہ کار سیکیورٹیز اپنے اکاؤنٹ میں منتقل کر کے لین دین کر سکتا ہے۔
4. سرمایہ کار کو اپنے کوائف میں کسی بھی تبدیلی مثلاً موبائل نمبر یا رہائشی پتہ میں تبدیلی کے بارے میں فوراً سی ڈی سی کو آگاہ کرنا چاہئے۔
5. سرمایہ کار، سی ڈی سی کی طرف سے فراہم کردہ ویلیو ایڈڈ سروسز جیسا کہ موبائل یا ای میل پر ایس ایم ایس الرٹ حاصل کرسکتا ہے۔
6. سرمایہ کار https://www.cdcaccess.com.pkکے ذریعے اپنے اکاؤنٹ کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتاہے۔
7. سی ڈی سی نے ایک کال سینٹر بھی قائم کیا ہے جس کا نمبر 23275 0800 ہے اس پر صبح 9بجے سے شام 6بجے تک، پیر تا جمعہ، مفت کال کی جا سکتی ہے۔